ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (477)

مورخہ 03.09.2023

## بہاولپور( )چہلم حضرت امام حسین کے پر امن انعقاد کے سلسلہ میں ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایات پر جامع سکیورٹی پلان ترتیب دے دیا گیا۔جلوس ومجالس کے شرکا کو فول پروف سکیورٹی مہیا کرنے کی ہدایات جاری۔ پولیس کی بھاری نفری سکیورٹی کے فرائض سرانجام دے گی، بروقت پیغام رسانی کیلئے ڈسٹرکٹ کنٹرول روم قائم کیا گیا۔ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق چہلم حضرت امام حسین کے موقع پر بہاولپور ضلع میں 31 جلوس اور 57 مجالس عزا منعقد ہونگی۔ضلع بھر میں A کیٹگری کا 01،B کے 08اور C کے 22 جلوس برآمد ہونگے۔اسی طرح کیٹگری B کی 06اور C کی 51 مجالس منعقد ہونگی۔جلوس ومجالس پر 1800 سے زائد پولیس افسران واہلکاران کے علاوہ 1500 وولنٹیرز بھی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔ڈسٹرکٹ پولیس کے ہمراہ ڈولفن فورس، ایگل اسکوارڈ، سپیشل برانچ اور ایلیٹ فورس بھی سیکیورٹی کے فرائض سرانجام دے گی۔محرم الحرام کے دوران سکیورٹی کو فول پروف رکھنے کے لیے سی ٹی وی کیمرے، ڈرون کیمرے، جیمرز، سنیفر ڈاگز، واک تھروگیٹس، خاردار تار اور سٹیل بیریئرز کا استعمال کیا جائے گا۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ چہلم کے تمام جلوس اور مجالس پر مقررہ وقت کی پابندی یقینی بنائی جائے۔لاؤڈ سپیکر کے استعمال، وال چاکنگ، ہیٹ میٹریل، اشتعال انگیز تقاریر، اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ پر مکمل پابندی ہے خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ضلعی انتظامیہ کی طرف سے 81 افراد کی ضلع بندی جبکہ 87 افراد کی زبان بندی کے احکامات جاری کیے گئے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ چہلم کے دوران خلاف ورزی اور قانون شکنی کرنے والوں کے خلاف فوری اور سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔چہلم حضرت امام حسین کے دوران ٹریفک کو رواں دواں کرنے کے لیے ٹریفک کا علیحدہ سے ڈیوٹی پلان ترتیب دیا گیا ہے۔چہلم کے سلسلہ میں جاری کردہ سکیورٹی پلان پر من وعن عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاولپور۔:چہلم حضرت امام حسینؓ کے پر امن انعقاد کے سلسلہ میں ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایات پر جامع سکیورٹی پلان ترتیب دے دیا گیا۔جلوس ومجالس کے شرکا کو فول پروف سکیورٹی مہیا کرنے کی ہدایات جاری

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (478)

مورخہ 03.09.2023

# بہاولپور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کے سخت انتظامات، سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکار تعینات کیے گئے۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی، بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں پر جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کیلئے موثر سنیپ چیکنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ڈی پی او نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد گشت کو ہر صورت یقینی بنائیں، کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں، معاشرتی امن کے لیے بہاولپور میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے ،غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کے حوالے سے دیگر سیکیورٹی فرائض کے ساتھ عبادت گاہوں میں بھی سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ایسے مقامات کی سیکیورٹی جہاں پر عوام الناس بھاری تعداد میں جمع ہوں ایسی جگہوں پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ضلع بھر میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی پر افسران وجوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں